تجرباتی ایڈیشن

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کے لیے مفت تقسیم کی جا رہی ہے اور ناقابلِ فروخت ہے

درسی کتاب

# اردو پرائمر

یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق



حکومت بلوچستان کا پروگرام "معیاری تعلیم سب کے لیے"

## بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

درسی کتاب

# اردو پرائمر

یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق

ایک قوم ایک نصاب

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے

پبلشر

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ

CamScanner

# جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق اور قومی نظر ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں۔ منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ لیٹر نمبر: SO (Acad:) 2-1/2021/2289-93 مورخہ 4 اکتوبر 2021ء این او سی نمبر 328-31/CB مورخہ 17 / 12 / 2021 دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان، کوئٹہ۔ یہ درسی کتاب بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ نے سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس کے لئے طبع کی ہے۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔



زیرِ نگرانی محمد رفیق طاہر

(جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر)

قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

مصنفین

حمیرا لطیف، شافیہ رفیق، عروج ملک


## اراکین جائزہ کمیٹی


۱۔ فریدہ صادق (پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ)

۲۔ رفیعہ ناز جدون (نظامت نصاب و تعلیم و اساتذہ خیبر پختونخواہ ایبٹ آباد)

۳۔ فہمیدہ علی (بلوچستان بیورو آف کریکولم)

۴۔ آمنہ طارق (ایف ڈی ای، اسلام آباد)

۵۔ عدیلہ ستار (ایف جی ای آئی کینٹ گیریژن)

۶۔ ملکہ سلطانہ (گلگت بلتستان)

۷۔ یاسمین محبوب (آغا خان ایجوکیشن سروس)

۸۔ خدیجہ خان (پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈ ہڈ)

۹۔ ثمینہ غفور (پرائیویٹ اسکول اسلام آباد)


## صوبائی جائزہ کمیٹی


فہمیدہ علی (سینئر سبجیکٹ سپیشلسٹ، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، ڈاکٹر نذیر جوگیزئی (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، محمد اکرم خان، (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، ثاقبہ احمد زئی (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، سارون کمار (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ

تکنیکی معاونت:
نگہت لون، اسفندیار خان
جعفر خان ترین

ڈیسک آفیسر:
روبینہ کوثر (قومی نصاب کونسل)

ڈیزائننگ اینڈ لے آؤٹ:
شہزاد حسین، رداقاطمہ

ڈیزائن اور السٹریشن (نیشنل کالج آف آرٹس)

ایڈیٹنگ: انعام خان

محمد ذیشان یونس، عثمان حیدر، محمد عمر، فاطمہ نعیم، منابل فاطمہ، حلیمہ سعدیہ، انیزہ مقصود، جویریہ منیر، آمنہ ایاز، زینب ندیم، مہر بتول، مہربانو محسود



نگران طباعت:۔ محمد انور، ماہر مضمون) پرنٹر: اعزاز الدین ٹی۔بی۔ایم۔ پرنٹرز اینڈ پبلشرز، لاہور۔


CamScanner

# اپیل

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ منظور شدہ نصاب کی روشنی میں درسی کتب کی اشاعت کو یقینی بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ یہ درسی کتب ماہرین تعلیم، محققین اور ماہرین مضمون کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ تاہم ہماری مسلسل کوششوں کے باوجود ممکنہ یا غیر ارادی غلطیوں کو رد نہیں کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ معیاری درسی کتب کی تیاری اور بہتری کے عمل میں اصلاح کی گنجائش ہر وقت رہتی ہے۔

لہذا درسی کتب کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام بلاواسطہ یا بالواسطہ شرکاء جیسے طلباء، والدین، اساتذہ اور معاشرے کے نمائندگان کی (Feedback) کے حصول کے لیے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے باقاعدہ (Feedback and Review Mechanism) قائم کیا ہے۔ جس کے ذریعے تمام آراء و تجاویز کو ٹیکسٹ بک بورڈ کے حال ہی میں قائم کردہ تحقیقی مرکز کو ارسال کیا جائے گا تاکہ تحقیقی مرکز میں موجود ماہرین ان کا تجزیہ کر کے انہیں درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری لانے کے لیے استعمال کر سکیں۔

ہمیں قوی امید ہے کہ مذکورہ تحقیق پر مبنی تجزیہ کے ذریعے درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری آئے گی۔ مطلوبہ (Feedback) مندرجہ ذیل طریقوں سے دی جا سکتی ہے۔ درسی کتب کی سکولوں میں ترسیل کے بارے میں بھی آگاہ کیا جا سکتا ہے۔

1- ویب سائٹ: www.btbb.com.pk

2- آفیشل ایپ: "btbb official"

3- ای میل: btbb_quetta@yahoo.com

4- فون: 081-2470501-2470503

ڈاکٹر گلاب خان خلجی
چیئر مین
بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ۔



محکمہ تعلیم
حکومت بلوچستان
کا تعلیمی نظام سے
متعلق شکایات
کے ازالے کا نظام

www.emis.gob.pk

یاد رکھیں | باشعور معاشرے اپنے تعلیمی وسائل ضائع نہیں کرتے

Performance Management System

شکایات درج کروانے کیلئے کال کریں
081 111 098 765

# ہدایات برائے اساتذہ

'ابتدائی اُردو' چار سے پانچ سال کے بچوں کیلئے ترتیب دی گئی ہے۔ کیونکہ اس عمر میں بچوں کی فہم وادراک کی صلاحتیں عروج پر ہوتی ہیں۔ جنھیں جلا بخشنا والدین اور اساتذہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

زیرِ نظر کتاب کے ذریعے ان ودیت شدہ صلاحیتوں کی نشو ونما اور ان کے نکھار کیلئے بھرپور کوشش کی گئی ہے تا کہ ان کی شخصیت کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہے۔ کتاب سے بھرپور استفادہ کرنے کیلئے اساتذہ سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل نکات کو مدِ نظر رکھیں۔ کمرہ جماعت میں ایک کونہ مختص کریں جہاں کم خرچ اور بغیر خرچ والی تدریسی معاونات رکھیں مثلاً پرانی اخبار یں، گتے سے بنے فلیش کارڈ (Flash Card)، ریت کے ڈبے اور پلے ڈو وغیرہ (پلے ڈو خود بھی بنائی جا سکتی ہے) اُردو زبان کے حروف تہجی کا تعارف کرانے سے پہلے سننے اور بولنے کی مہارتوں کی نشو ونما ضروری ہے۔

**سُننا:** غور سے سننے اور سمجھنے کی مہارت کیلئے مختلف سرگرمیاں ترتیب دینے کے ساتھ ساتھ کہانیاں اور نظمیں دی گئی ہیں ان کے بارے میں تبادلہ خیال اور پیش گوئی مثلاً آگے کیا ہوگا؟ ان کے فہم وادراک میں اضافہ کریں گے۔

**بولنا:** کسی بھی چیز، واقعہ، منظر کے بارے میں بول سکیں۔ اس مقصد کے لئے کتاب میں میرا اسکول اور ہمارے تہوار وغیرہ جیسی سرگرمیاں موجود ہیں۔

انگلیوں اور ہاتھ کے استعمال کیلئے چھوٹے پٹھوں کی مہارتیں (Fine Motor Skills)، بازو اور جسم کیلئے بڑے پٹھوں کی مہارتیں (Gross Motor Skills) کو کرنا ضروری ہے۔ ماہرین نے کچھ مشقیں تجویز کی ہیں جنھیں عملی زندگی کی مشقیں یعنی (EPL) کہا جاتا ہے۔ یہ سرگرمیاں تین سے پانچ سال کے بچے کو لکھائی شروع کروانے سے پہلے کرائی جاتی ہیں تا کہ وہ پنسل کو مہارت سے پکڑ سکے مثلاً

- فوم سے پانی جذب کرنا اور نچوڑنا
- چکنی مٹی یا پلے ڈو سے چھوٹی چھوٹی چیزیں بنانا
- کلپ کو کھولنا اور بند کرنا
- رنگ بھرنا

**حروف کی آواز کی پہچان اور سکھانے کا طریقہ:** سب سے پہلے حرف کا تعارف کرائیں اور اس حرف سے شروع ہونے والے، درمیان اور آخر والے چند الفاظ دہرائیں اور حروف کی علم الاصوات اور صوتی پہچان کرائیں۔ مثلاً 'ب' کی صوتی اور بصری پہچان کرانے کیلئے بلال، بسمہ، ربڑ، کتاب وغیرہ جیسے الفاظ دہرائیں تا کہ بچوں کو 'ب' کی آواز کی پہچان ہو سکے۔

CS CamScanner

اس قاعدے کے ذریعے سے ہم معلوم سے نامعلوم کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں۔تصویر جیسے کہ بچے کے لیے معلوم ہے جب کہ حرف نامعلوم ہے۔

بچوں سے اُنگلی سے حروف لکھنے کی مشق ہوا میں، ریت پر اور زمین پر کروائیں۔

حروف کے خاندان کا تعارف نقطوں کی مدد سے کروائیں مثلاج کے پیٹ میں ایک نقطہ،ت کے اوپر دو نقطے اور ڈ کے سر پر ٹوپی۔

کتاب میں دی گئی عملی سرگرمیاں یقینی بنائیں اور مزید سرگرمیاں ترتیب دیں کیونکہ فعال طریقہ تدریس سے بچے جو سیکھتے ہیں وہ انہیں ہمیشہ یاد رہتا ہے۔

نئے حروف تہجی سکھاتے وقت مسلسل دہرائی کو اپنا معمول بنائیں تا کہ تمام بچے حرف پر مکمل عبور حاصل کر سکیں۔اُردو زبان کی مہارتوں کو شخصیت کی نشو ونما، صحت و صفائی، حفاظت،اچھی عادات واخلاق کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی گئی ہے لہذا بچوں کو دی گئی سرگرمیوں کے مطابق ان مہارتوں کی نشو ونما کو بھی یقینی بنائیں۔ ذہنی آزمائش کی سرگرمیوں میں بچوں کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کریں۔

زیر نظر کتاب کے ذریعے بچوں کی ذہنی،جسمانی،اخلاقی،نفسیاتی اور لسانی نشو ونما پر بالخصوص توجہ دیتے ہوئے ایسی سرگرمیاں دی گئی ہیں جو ان عوامل کو ابھارنے میں معاون ثابت ہوں گی۔ یہ کتاب بچے کی جبلتی اور مجموعی نشو ونما میں کردار ادا کرے گی۔

اساتذہ کی رہنمائی کے لیے مندرجہ ذیل نکات خصوصاً ترتیب دیئے گئے ہیں تا کہ وہ سبق کے دوران ان نکات کی عملی طور پر پیروی کریں۔

1۔ بچوں کو نئے تصور اور سبق کو پڑھانے کے بعد بار بار اس کی مشق اور تکرار مختلف دلچسپ سرگرمیوں سے کروائیں۔

2۔ بچوں کی مدد سے کمرہ جماعت کے اصول وضوابط مقرر کریں۔سبق شروع کروانے سے پہلے آمادگی کی سرگرمیاں کروائیں تا کہ اُن کی سبق میں دلچسپی بڑھے۔

3۔بچوں کو مختلف سرگرمیوں کی مدد سے تصور سمجھائیں۔ کچھ بچے بصری طریقے یعنی (Visual) سے، کچھ چھو کر یعنی (Tactile) سے اور کچھ بچے سمعی یعنی (Auditorial) طریقے سے سیکھتے ہیں۔

4۔ بچوں کو کھیل کھیل میں کتاب میں موجود تصورات پڑھائیں اور سمجھائیں تا کہ بچوں میں پڑھنے لکھنے کے لیے محبت اور دلچسپی پیدا ہو جیسے پاسنگ دا پارسل (Passing the parcel)، میوزیکل چیئر (Musical Chair)، دوڑ

(Races)، کودنا (Jumping) ، رسی کودنا (Skipping) وغیرہ۔

5۔ جہاں جہاں کتاب میں والدین کے لیے رہنمائی اور شمولیت کا ذکر ہے وہاں اساتذہ اس کو یقینی بنائیں۔

6۔ پہلے دن سے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ میں خوداعتمادی پیدا ہو۔ کمرہ جماعت میں لائبریری کا گوشہ بنائیں جس میں بچوں کی عمر اور دلچسپی کے مطابق کتابیں رکھیں۔ بچوں میں کتابیں پڑھنے کے لیے محبت پیدا کریں اور ان کو کتابوں کی دیکھ بھال کے طریقے سکھائیں۔

7۔ جماعت میں سرگرمی کے گوشے میں حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز، سینڈ ٹرے، سینڈ حروفِ تہجی رکھیں۔ بچوں کو سینڈ ٹرے (Sand tray) اور سینڈ پیپر کے ذریعے حروفِ تہجی کی پہچان کروائیں۔

8۔ بچوں کو چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے اور گفتگو کے آداب سکھائیں۔

9۔ بچوں کو آپس میں مل جل کر کام کرنے کی ترغیب دیں۔ کتاب میں ایسی سرگرمیاں دی گئی ہیں جن سے بچوں میں گروہ میں کام کرنے کا رجحان پیدا ہوگا۔

10۔ بچوں میں احساس، برداشت اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کریں تا کہ وہ نرمی سے بات کریں، لڑائی نہ کریں، کسی کا مذاق نہ اڑائیں، بڑوں کی بات سنیں اور پیار محبت سے مل کر رہیں۔

11۔ اساتذہ بچوں کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دیں۔



# عَلامات




ہِدایات برائے اساتذہ


اَخلاقیات


حفاظت


حُبُّ الوطنی


تجزیہ کاری


سرگرمی


ہِدایات برائے والدین


تصوّر


ٹیکنالوجی


کہانی



ذخیرۂ الفاظ

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر | نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حمد | 1 | 17 | ٹریفک کے اشارے | 31 |
| 2 | نعت | 2 | 18 | ذرائع آمدورفت | 32 |
| 3 | دعا | 3 | 19 | حرف 'ث' | 33 |
| 4 | خوش آمدید | 4 | 20 | دہرائی ا۔ث | 36 |
| 5 | ہمارے اصول | 6 | 21 | احساس | 37 |
| 6 | احساسات | 7 | 22 | حرف 'ج' | 39 |
| 7 | میراوطن | 9 | 23 | حرف 'چ' | 42 |
| 8 | اپنی حفاظت | 10 | 24 | حرف 'ح' | 45 |
| 9 | میراتعارف | 11 | 25 | حرف 'خ' | 48 |
| 10 | حرف 'ا' | 12 | 26 | چاردوست | 51 |
| 11 | حرف 'آ' | 15 | 27 | دہرائی ج۔خ | 52 |
| 12 | اسلام کے بنیادی ارکان | 18 | 28 | خرگوش اور کچھوا | 53 |
| 13 | حرف 'ب' | 19 | 29 | واحد۔ا جمع | 55 |
| 14 | حرف 'پ' | 22 | 30 | حرف 'د' | 56 |
| 15 | حرف 'ت' | 25 | 31 | حرف 'ڈ' | 59 |
| 16 | حرف 'ٹ' | 28 | 32 | حرف 'ذ' | 62 |


CS CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 33 | شرارتی بندر | 65 |
| 34 | حرف 'ر' | 67 |
| 35 | حرف 'ڑ' | 70 |
| 36 | حرف 'ز' | 73 |
| 37 | حرف 'ژ' | 76 |
| 38 | دہرائی ر-ژ | 79 |
| 39 | حرف 'س' سورج مکھی | 80 |
| 40 | حرف 'ش' | 84 |
| 41 | حرف 'ص' | 87 |
| 42 | حرف 'ض' | 90 |
| 43 | حرف 'ط' | 93 |
| 44 | حرف 'ظ' | 96 |
| 45 | دہرائی س-ظ | 99 |
| 46 | میرا خاندان | 100 |
| 47 | حرف 'ع' | 101 |
| 48 | حرف 'غ' | 104 |
| 49 | حرف 'ف' | 107 |
| 50 | حرف 'ق' | 110 |
| 51 | حرف 'ک' کتاب کی کہانی، کتاب کی زبانی | 113 |
| 52 | حرف 'گ' گائے اور کسان | 117 |
| 53 | حرف 'ل' | 121 |
| 54 | دہرائی ع-ل | 124 |
| 55 | حرف 'م' | 125 |
| 56 | حرف 'ن' | 128 |
| 57 | حرف 'و' | 131 |
| 58 | حرف 'ہ' | 134 |
| 59 | حرف 'ء' | 137 |
| 60 | حرف 'ی' | 140 |
| 61 | حرف 'ے' | 143 |
| 62 | دہرائی ن-ے | 146 |
| 63 | دہرائی ا-ے | 147 |
| 64 | ہماری آوازیں | 148 |


CamScanner

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 65 | مصوتوں کی پہچان | 152 |
| 66 | ارکان سازی | 153 |
| 67 | تخلیقی لکھائی | 156 |
| 68 | جملے بنائیں | 157 |


CamScanner

# حمد

پیار بھرا ہر اِک اِشارہ
پیارا اُس کا ہر نظّارہ

جس نے زمیں پر پیار اُتارا
وہ خود ہوگا کتنا پیارا

پیار کا اُس کے نہیں شمار
اللہ ہے بس پیار ہی پیار

(خلیق اللہ فاروقی)

**ہدایات:**

حمد بچّوں کو ترنّم کے ساتھ زبانی پڑھائیں۔ استاد بچّوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

۱۔ ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

۲۔ دنیا میں سب چیزیں کس نے بنائی ہیں؟

۳۔ اساتذہ بچّوں کے ساتھ اللہ کے ایک ہونے پر بات کریں۔



CamScanner


# نعت

وہ حق کی باتیں بتانے والے
وہ سیدھا رَستہ دِکھانے والے

وہ رَہبر و رَہ نُما ہمارے
نبیؐ ہمارے، نبیؐ ہمارے

دُرُود اُن پر، سلام اُن پر

(صوفی تبسّم)




**ہدایات:**

حضرت مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرتِ طیبہ کامل ہے۔
بچّوں کو حضرت مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرتِ طیبہ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔



CamScanner







# دُعا

لب پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صُورت ہو خُدایا میری

دُور دُنیا کا میرے دَم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے

ہو میرے دَم سے یُوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھُول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے مَحبّت کرنا

زندگی ہو میری پروانے کی صُورت یا رَبّ
عِلم کی شمَع سے ہو مجھ کو مَحبّت یا رَبّ

میرے اللہ بُرائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اُس رِہ پہ چلانا مجھ کو

(علاّمہ محمد اقبال رحمۃاللہ علیہ)

**ہدایات:**

- علاّمہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔ انھوں نے بہت سی نظمیں بچّوں کے لیے لکھی ہیں۔
- بچّوں کے ساتھ اس دُعا کو ترنّم سے پڑھیں۔



CamScanner

# خوش آمدِید



خوش آمدِید خوش آمدِید
خوش آمدِید خوش آمدِید

اسکول کا دن آیا ہے
خوشیاں ساتھ لایا ہے

مِل کر ہم سب پڑھیں گے
سب سے آگے بڑھیں گے

خوش آمدِید خوش آمدِید
اسکول کا دن آیا ہے

امّی نے ناشتہ کروایا ہے
بستہ میں نے اُٹھایا ہے


ابّو نے ہارن بجایا ہے
دادی نے گلے لگایا ہے



CamScanner



خوش آمدِید خوش آمدِید
اسکول کا دن آیا ہے



چوکیدار کو کیا سلام
آیا نے لیا میرا بستہ تھام

سب سے نام پوچھیں گے
اپنا بھی بتائیں گے



دوستوں کے ساتھ گائیں گے
یُونہی سیکھتے جائیں گے



کھیلیں گے ہم دوست بنائیں گے
پیار محبّت سے بڑھتے جائیں گے



خوش آمدید خوش آمدید
اسکول کا دن آیا ہے
خوشیاں ساتھ لایا ہے

(حمیرا لطیف، شافیہ رفیق، عروج ثاقب)



ہدایات:

بچّوں سے بات کریں کہ جب آپ کے گھر کوئی آئے تو اُسے خوش آمدید کہیں۔
بچّوں سے پوچھیں کہ آپ آج کیسا محسوس کر رہے ہیں۔ بچّوں کو یہ نظم اشاروں کے ساتھ گا کر سنائیں۔
بچّوں کی گروہ بندی کروا کر السّلامُ علیکم اور وعلیکم السّلام کی مشق کروائیں۔
یہ نظم بچّوں کے ساتھ مل کر ترنم سے پڑھیں۔ بچّوں سے پوچھیں کہ آپ کا کل کا دن کیسا گزرا؟



CamScanner

# ہمارے اُصول

## کمرہ جماعت





ہم آواز دھیمی رکھیں گے۔




ہم اپنی باری کا انتظار کریں گے۔



ہم جماعت کو صاف رکھیں گے۔



ہم چیزیں اپنی جگہ پر رکھیں گے۔




ہم ایک دوسرے کا خیال رکھیں گے۔



ہم مُسکرا کر ملیں گے۔

## کھیل



ہم کسی کو دھکا نہیں دیں گے۔



ہم اپنی باری کا انتظار کریں گے۔



ہم مِل جُل کر کھیلیں گے۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے

# احساسات




عید قریب تھی زینب اور عمر بہت خوش تھے۔ وہ اپنے امّی ابّو کے ساتھ بازار گئے۔ زینب نے چُوڑیاں اور عمر نے جُوتے خریدے۔ وہ کیلے کھا رہے تھے کہ ایک معذور بچّہ اُن کے پاس آیا عمر اُسے دیکھ کر اُداس ہوگیا۔ اس کی امّی نے اُس بچّے کو بھی عید کا تحفہ دیا اور امی نے اُن کو بتایا کہ ہمیں ہمیشہ دوسروں کا احساس کرنا چاہیے۔

ہدایات:

بچّوں کو احساسات کی کہانی بُلند آواز میں پڑھ کر سنائیں۔

بچّوں کو بتائیں ہمیں خصوصی بچّوں کے احساسات کا خیال رکھنا چاہیے اور اُن کے ساتھ کھیلنا چاہیے۔

# احساسات




بچوں سے کہیں آج وہ کیسا محسوس کر رہے ہیں؟
وہ شکل اس ڈبّے میں بنائیں۔

**ہدایات:**

- بچوں سے سوالات کے ذریعے احساسات پر بات کریں۔
- بچوں کو احساسات کی پہچان اوپر دی گئی تصاویر کی مدد سے کروائیں۔
- بچوں سے تصاویر میں رنگ بھروائیں۔

# میرا وطن





پاکستان ہمارا پیارا پیارا
ہم سب کی آنکھوں کا تارا

پہاڑ، جھیلیں، ہماری شان
سب صوبوں کے الگ پکوان

جَھرنے، کھیت اور کَھلیان
ان کے رکھوالے ہمارے کسان

اُردُو ہے پیاری ہماری زبان
قائد اور اقبال ہماری پہچان

فوجی، بچے، بوڑھے، جوان
وطن پہ سب کی جاں قربان

(حمیرا لطیف، شافیہ رفیق، عروج ثاقب)

**ہدایات:**

- بچّوں کے ساتھ ملّی نغمہ اشاروں اور ترنُّم کے ساتھ گائیں۔
- وطن سے پیار اور آزادی کی اہمیّت کو اجاگر کرنے کے لیے اسمبلی / کمرۂ جماعت میں حبُّ الوطنی سے متعلق رول پلے کروائیں۔

# اپنی حِفاظت

بچّو پتے کی بات یہ جانو
اجنبی کا نہ تم کہنا مانو



آگ کے پاس تم نہ جاؤ
دوستوں کو بھی یہ بتاؤ



بجلی کے ہیں فائدے ہزاروں
پر احتیاط لازم ہے پیارو

گھر سے اکیلے تم نہ نکلو
اپنی حِفاظت کرنا سیکھو





ہدایات:


بچّوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صُورت نظم کے ذریعے سیکھیں گے کہ اپنی حفاظت کیسے کرنی چاہیے۔

بچّوں کو بتائیں کہ خطرناک چیزوں مثلاً آگ اور بجلی کے آلات وغیرہ سے ہمیشہ دور رہیں۔

بچّوں کو اجنبی لوگوں سے دور رہنے اور حفاظت کے حوالے سے اچھے اور بُرے چھونے کے احساس میں فرق بتائیں۔

بچّوں کو بتائیں کہ اگر کوئی بھی والدین یا ڈاکٹر کے علاوہ ذاتی جگہ کو چھوئے تو فوراً اپنے والدین کو بتائیں۔

# میرا تعارف




**ہدایات:**

- بچّوں سے ان کے پسندیدہ چیزوں اور رنگوں کے بارے میں بات کریں۔
- بچّوں سے پوچھیں کے وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں۔
- اُوپر دیے گئے خالی ڈبے میں اپنی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

# ا

ایک انار بڑا مزیدار
کھانے والے اس کو ہزار



انار





انگور


اکرم بہت پیارا بچّہ ہے۔ وہ پھل لینے اپنے ابّو کے ساتھ بازار گیا۔ انہوں نے انار اور انگور خریدے۔ اکرم کو انگور کھانے کی جلدی تھی، اُس نے انگور کی طرف ہاتھ بڑھایا، تو ابّو نے اُسے روک دیا اور سمجھایا کہ پھل دھو کر کھاتے ہیں۔ ابّو نے گھر جا کر اکرم کو انگور دھو کر کِھلائے۔ اُس نے ابّو کا شکریہ ادا کیا۔


**ہدایات:**

- تصویروں کی مدد سے بچّوں سے پھلوں کے نام پوچھیں اور نام دہرا کر "الف" کی آواز نکالیں۔ بچّوں کو حرف "الف" کی صوتی پہچان کروائیں۔ کمرۂ جماعت میں حرف "الف" سے شروع ہونے والی اشیاء اکٹھی کر کے سرگرمی کروائیں۔
- کٹے ہوئے حروف کو تصویروں سے ملانے کی سرگرمی کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: اناج، انڈا، اچار، استری، اُلّو


**سوچ کر بتائیں**

ہمیں پھل دھو کر کیوں کھانے چاہییں؟







انڈا



امرود



انار



انگوٹھی

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ا

"ا" پر دائرہ لگائیں


| | | |
|---|---|---|
| ا | ب | ث |
| پ | ح | ا |
| ق | ا | ن |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# آ

آم والا آتا ہے
میٹھے آم لاتا ہے







آلو



آم

### سوچ کر بتائیں

آلو سے کیا کیا بنتا ہے؟

**ہدایات:**

تصویروں کی مدد سے بچّوں سے پھلوں اور سبزیوں کے نام پوچھیں اور نام دُہرا کر "آ" کی آواز نکالیں۔

بچّوں کو شعر اشاروں کے ساتھ گا کر سنائیں۔ بچّوں سے آم اور آلو کے بارے میں سوالات پوچھیں۔

بچّوں کے ساتھ پھلوں کا دن منایا جائے۔

بچّوں کو "آ" والے الفاظ کی صحیح ادائی کے ذریعے حرف "آ" کی پہچان کرائیں مثلاً آج، آپ، آگ

ذخیرہ الفاظ: آم، آڑو، آواز، آری، آلو، آملہ



CamScanner


# آ

آ آ آ
آ آ آ
آ آ آ
آ آ آ
آ آ آ


آم




آنکھ



آڑو



آری



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# آ

"آ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| آ | ب | ٹ |
| پ | ح | آ |
| ق | آ | ج |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔


# اسلام کے بنیادی ارکان

تعوّذ — اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

تسمیہ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اسلام کے پانچ بنیادی ارکان ہیں۔

1 توحید



2 نماز




3 روزہ



4 زکوٰۃ



5 حج




ہدایات:

بچّوں کو اُن کی عمر اور ذہنی صلاحیتوں کے مطابق دینِ اسلام کے بنیادی ارکان سے روشناس کروائیں۔

ارکانِ اسلام کو پانچ ہفتوں میں تقسیم کرکے ہر ہفتہ ایک رُکن کے لیے مختص کریں۔ اس ہفتہ میں مختلف سرگرمیوں کی مدد سے بچّوں کو دل چسپ انداز سے معلومات دیں۔ مثال کے طور پر گوشہ ٹائم، اسمبلی رول پلے، والدین کی رہ نمائی، چارٹ وغیرہ۔

# ب ب

بکری میں میں کرتی ہے
سب کو پیاری لگتی ہے




کسی گاؤں میں ایک لڑکا **باسط** رہتا تھا۔ اس کو **بندر** کا تماشا اور **بطخ** کو پانی میں تیرتے ہوئے دیکھنا اچھا لگتا تھا۔ ایک دن وہ بندر کا تماشا دیکھ رہا تھا کہ کسی بچّے نے بندر کو پتھر مارا۔ **باسط** نے اس کو سمجھایا کہ جانوروں کو تنگ نہیں کرتے۔

**ہدایات:**

- بچّوں سے تصویر کے متعلق بات کریں اور کہانی سنائیں۔
- بچّوں کو بتائیں کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنی چاہیے
- ذخیرہ الفاظ: بال، بسکٹ، بلی، بکری، بندر

**سوچ کر بتائیں**


باسط نے بچے کو کیوں منع کیا؟

# ب


باجا




بطخ



بکری



بستہ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



CS CamScanner

# ب

"ب" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| ب | ح | ث |
| ا | ب | پ |
| ب | ا | ن |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# پ پ


| | | | |
|---|---|---|---|
| پالک | سبزی | نرالی | ہے |
| بڑی | طاقت | والی | ہے |



پالک



پَر



پنیر



پرندہ

**ہدایات:**


- بچّوں سے پالک کے فوائد کے بارے میں بات کریں۔
- بچّوں کو "پ" سے شروع ہونے والے جسم کے حصّوں کے نام بتائیں۔ مثلاً پیٹ، پلکیں، پیر، پسلیاں۔
- بچّوں کو "پ" سے شروع ہونے والی اہم چیز یعنی پانی سے متعلّق معلومات دیں۔

ذخیرہ الفاظ: پیڑ، پسند، پنیر، پہاڑ، پر، پرندہ


کیا آپ کو معلوم ہے؟
پاکستان کا قومی پرندہ چکور ہے

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال
2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے

# پ


پلنگ


پَر


پنکھا


پتہ

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# پ

"پ" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| پ | ح | ث |
| ا | ب | پ |
| ب | پ | ن |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ت ت

تتلی اُڑتی پھرتی ہے
رنگوں سے یہ بھری ہے
سب کو بھلی لگتی ہے
ہاتھ لگاؤ تو ڈرتی ہے




تانیہ ایک **تمیزدار** بچّی تھی۔ اُس کا پسندیدہ پھل **تربوز** تھا، جسے وہ گرمیوں میں اکثر اپنی دوستوں کے ساتھ مل کر کھاتی تھی۔ اُن کے گھر کے پاس ایک **تالاب** بھی تھا۔ وہ اپنی امی کے ساتھ تالاب کی سیر کرنے گئی، یہاں اُسے کافی **تتلیاں** اڑتی ہوئی نظر آئیں۔ جب وہ **تتلی** پکڑنے کے لیے دوڑی تو اُس کی امی نے اسے منع کیا۔

**ہدایات:**

تصویر اور کہانی کے متعلّق کیوں سے شروع ہونے والے سوالات پوچھیں یعنی:
تتلی پھولوں پر کیوں ہوتی ہے؟ تاکہ بچّوں کے اندر تجسّس اور تجرباتی حِس کی نشو و نما پیدا ہو۔

جماعت میں "ت" سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پُکاریں اور بچّوں سے تالی بجوائیں۔
بچّوں کو گھر، پارک اور تالاب کو صاف ستھرا رکھنے کی تاکید کریں۔


ذخیرہ الفاظ: تارے، تاج، تختی، تسبیح، تعلیم، تجارت

**سوچ کر بتائیں**


تانیہ کی امی نے اُسے کیوں منع کیا؟

# ت


تالا




تارے



تَسبیح



تتلی



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ت



'ت' پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ت | ب | ث |
| پ | ت | ا |
| ق | ا | ت |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ٹ ٹ

ٹماٹر میرے لال ہیں
ہرے اس کے بال ہیں


ٹوکری



ٹوپی



ٹماٹر



**ہدایات:**

- بچّوں کو ٹماٹر کے فوائد بتائیں۔
- بچّوں سے "ٹ" سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام اخذ کروائیں۔
- بچّوں سے ٹرک کا ماڈل کم خرچ اور بغیر خرچ اشیا سے بنوا کر رنگوں کے مختلف نمونے بنوائیں۔
- ٹیلی فون پر بات کرنے کا رول پلے کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: ٹوکری، ٹماٹر، ٹرک، ٹوپی


**سوچ کر بتائیں**

ٹماٹر سبزی ہے یا پھل؟


# ٹ




ٹیلی فون



ٹوپی



ٹریکٹر



ٹوکری

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ٹ

'ٹ' پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ث | ب | ت |
| ا | ٹ | پ |
| ت | ا | ٹ |






ٹ ٹ ٹ ٹ


ٹ ٹ ٹ ٹ

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ٹریفک کے اشارے



علی اپنے ابّو کے ہم راہ سڑک پار کرنے لگا، تو ابّو نے اُس کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا: "علی بیٹا! سڑک کو دھیان سے پار کرتے ہیں۔ پیدل سڑک پار کرنے والوں کے لیے زیبرا کراسنگ ہوتی ہے۔ اگر کہیں زیبرا کراسنگ نہ ہو تو ہمیں سُرخ بتّی جلنے کا انتظار کرنا چاہیے۔ "وہ کیوں؟" علی بولا۔ ابّو نے بتایا کہ جب سُرخ بتّی جلتی ہے تو تمام گاڑیاں رُک جاتی ہیں۔ پھر ہم زیبرا کراسنگ کے ذریعے سڑک پار سکتے ہیں۔ علی نے پوچھا: "پھر یہ پیلی اور سبز بتّی کیوں ہے؟" ابّو نے بتایا کہ پیلی بتّی کا مطلب ہے، تیّار ہو جائیں اور سبز بتّی کا مطلب ہے، اب گاڑیاں چل سکتی ہیں۔ لہٰذا ہمیں دائیں بائیں دیکھ کر دھیان سے سڑک پار کرنی چاہیے۔



**ہدایات:**


- کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی سے متعلق سوال پوچھیں۔
- جماعت میں ٹریفک کے اشارے بنا کر رول پلے کروائیں تا کہ بچّوں کو پیدل اور سوار دونوں صُورتوں میں ٹریفک کے اشاروں پر عمل کرنا آ جائے۔



CamScanner

# ذرائع آمدورفت





چھک چھک کرتی چلتی جائے
ریل ایسا شور مچائے

تانگا ٹم ٹم کرتا جائے
رکشا ادھر شور مچائے

موٹر وے پہ چلتی کار
جس کے نیچے پہیّے چار





بس کا بجا ہارن پو
ہٹو بچّو رستہ دو

(حمیرا لطیف، شافیہ رفیق، عروج ثاقب)

ہدایات:

بچّوں کو تصویروں کی مدد سے ٹریفک کی آوازوں کی پہچان کروائیں۔

بچّوں سے ریل گاڑی بنوائیں۔

# ث ث

ثمر بڑی ٹوکری میں لائے
میرے گھر مہمان آئے



ثناء



ثمر

ثناء بہت پیاری بچّی تھی۔ ایک دن وہ اپنے امّی ابو کے ساتھ چچا کے گھر اُن کی عیادت کے لیے گئی۔ راستے میں اُس کے امّی ابّو نے پھل خریدے۔ ثناء کے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ بیمار کی عیادت کرنا سُنّت ہے اور اپنے ساتھ پھَل یا پھُول لے کر جانا ہمارے رسم و رواج اور ثقافت کا حِصّہ ہے۔


**ہدایات:**

- بچّوں کو "ث" کی کہانی سنائیں۔
- ثمر کی تصویر میں موجود پھلوں کی تصویری کہانی بنوا کر رنگ بھروائیں۔
- بچّوں سے مریض کی عیادت کا رول پلے کروائیں۔
- بچّوں کو موسمی پھلوں کے نام بتائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: ثمر


**سوچ کر بتائیں**

مریض کی عیادت کیوں کرنی چاہیے؟

# ث



ثمر



ثمر بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ث






'ث' پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ث | ب | ث |
| پ | ت | ا |
| ق | ا | ث |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# دُہرائی

ث



ا



پ



ب



ٹ



ت

حرف کو تصویر سے ملائیں

# اِحساس

ماہین نے زِیرک کو سمجھایا: "تم کیوں عنایہ کو تنگ کرتی ہو؟"

زِیرک بولی: "کیوں نہ تنگ کروں، مجھے تو اُسے تنگ کرنے میں مزہ آتا ہے۔"



ماہین بولی: زِیرک!

یہ بُری بات ہے کل تم نے اس کی رنگت پر اسے چھیڑا تھا اور آج اس کے کھلونے بھی چھین لیے۔ اتنے میں گھنٹی بجی اور تفریح ختم ہو گئی۔

چھٹی کے وقت سب بچے قطار بنا کر گیٹ کی طرف جا رہے تھے کہ زیرک کو ٹھوکر لگی۔

وہ گرنے لگی تھی کہ کسی نے اُس کو سہارا دیا۔

زیرک نے مڑ کر دیکھا تو عنایہ اس کو سہارا دیے کھڑی تھی۔

زیرک کو بہت شرمندگی ہوئی کیوں کہ وہ تو اس کو تنگ کرتی تھی لیکن پھر بھی عنایہ نے اس کی مدد کی۔




**ہدایات:**

- بچوں کو کہانی سنا کر تصورات کی آگاہی دیں۔ ہمیں مل جُل کر رہنا چاہیے۔ اور کسی کا بھی اس کے رنگ، نسل، قد، اور شکل وصورت کی وجہ سے مذاق نہیں اڑانا چاہیے۔ دوستوں کو تنگ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر ہم سے کوئی غلطی ہو تو اُس کی معافی مانگنا اچھی بات ہے۔ ہم اپنے اچھے رویے سے برے لوگوں کو بھی اچھا بنا سکتے ہیں۔ ہمیں دوسروں کو اچھی باتیں سمجھانی چاہییں۔
- بچوں سے جماعت میں کہانی کا خاکہ (رول پلے) کروائیں۔

# ج ج

جلیبی ہے بڑی مزے دار
کھانے کو ہیں ہم تیار

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے

جمال



جلیبی



عید کے تہوار پر جمال کے والدین نے کچّی آبادی کے بچّوں میں مٹھائی تقسیم کرنے کا ارادہ کیا۔ وہ اپنے والد کے ساتھ مٹھائی کی دُکان پر گیا۔ اُس نے نارنجی رنگ کی میٹھی میٹھی جلیبی پسند کی۔ جمال نے اپنے والدین کے ہم راہ جلیبیاں تقسیم کیں۔

**ہدایات:**


- بچّوں سے مختلف روایتی مٹھائیوں کے بارے میں بات کریں اور نام بتائیں۔
- بچّوں کو مختلف تہواروں پر ضرورت مندوں کی مدد کرنے کی اہمیّت کے بارے میں بتائیں۔
- بچّوں کو جراثیم کے پھیلنے اور بچاؤ سے متعلق کوئی سرگرمی کروائیں۔
- بچّوں سے پلے ڈو یا چکنی مٹی سے جلیبی بنوائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: جلیبی، جہاز، جوتا، جال

**سوچ کر بتائیں**


جلیبی کس چیز سے بنتی ہے؟

# ج


جہاز




جال



جراثیم



جُوتا




 پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ج

"ج" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ج | ف | پ |
| ت | ج | ح |
| ج | چ | ح |



ج ج ج ج

ج ج ج ج

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# چ چ

| | | | |
|---|---|---|---|
| چڑیا | چُوں | چُوں | کرتی ہے |
| دانہ | دُنکا | | چُنتی ہے |

## چاند



## چڑیا



## چلغوزہ



چاند کو چاکلیٹ بہت پسند ہے۔ ایک دن اُس نے بازار سے چاکلیٹ خریدی اور مزے سے کھانے لگا، کھاتے کھاتے اسے دھیان ہی نہ رہا کہ وہ سڑک کے کنارے سے اُتر کر سڑک کی طرف بڑھ گیا۔ وہ ابھی فٹ پاتھ سے اُترا ہی تھا کہ ایک بزرگ نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے ایک طرف کر دیا اور سمجھایا کہ سڑک کے درمیان نہیں چلتے ہمیشہ فٹ پاتھ یا سڑک کے کنارے چلنا چاہیے۔ چاند نے بڑے ادب سے بزرگ کا شکریہ ادا کیا اور اپنے گھر کو چل دیا۔

**ہدایات:**

- بچّوں کو سڑک پار کرنے اور بڑوں کی بات سننے کے آداب اور فوائد بتائیں۔
- بچّوں کو میٹھی چیزوں مثلاً چاکلیٹ، چینی، ٹافی وغیرہ کھانے کے نقصانات بتائیں۔

ذخیرہ الفاظ: چاکلیٹ، چالاک، چیتا، چینی، چاک

**سوچ کر بتائیں**

بازار اور سڑک پر چلتے ہوئے ہمیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟



CamScanner


# چ

| | | |
|---|---|---|
| چ | چ | چ |
| چ | چ | چ |
| چ | چ | چ |
| چ | چ | چ |
| چ | چ | چ |

چمچ




چابی



چَینک



چاند



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# چ



"چ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چ | ف | پ |
| ت | ج | چ |
| ج | چ | ح |




چ چ چ چ

چ چ چ چ


پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ح ح

حلوائی نے بنایا سوجی کا حلوا
سب نے کھایا سوجی کا حلوا



حلوا



حلوائی

حلوائی نے بنایا سوجی، کا حلوا
سب نے کھایا سوجی، کا حلوا
سوجی، چینی، گھی اور پانی ڈالا
حلوے کی خُوش بُو اور رنگ نرالا
بادل گرجا، بارش ہوئی
گرمی میں سب کی عید ہوئی

(حمیرالطیف، عروج ثاقب، شافیہ رفیق)


**ہدایات:**

- بچّوں کو روایتی حلووں کے بارے میں بتائیں۔ بچّوں سے "ح" سے شروع ہونے والی چیزوں اور کھانوں کے بارے میں پوچھیں مثلاً حلوہ، حلیم وغیرہ۔
- بچّوں کو حلوہ بنانے کا طریقہ بتایئے۔
- ذخیرہ الفاظ: حق، حلوائی، حفاظت، حقیر

**سوچ کر بتائیں**

کھانے کی چیزوں کو ڈھانپنا کیوں ضروری ہے؟

# ح



حمام




حجام



حلوائی



حوض



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



CamScanner


# ح

"ح" پر دائرہ لگائیں۔

ح ف پ

ت ج چ

ج چ ح



ح ح ح ح

ح ح ح ح

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# خ خ

خالہ میری پیاری ہیں
سب کی راج دُلاری ہیں



## خالہ

**ہدایات:**


- بچّوں کو خالہ جان اور باقی رشتوں کی پہچان اور اُن کی اہمیّت بتائیں۔ بچّوں کو دوست اور رشتے داروں میں فرق بتائیں۔
- بچّوں سے مختلف رشتوں پر رول پلے کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: خالہ، خط، خربوزہ، خاموش، خرگوش

**سوچ کر بتائیں**

خالہ کس رشتے کو کہا جاتا ہے؟

# خ


خط



خربوزہ



خرگوش



خیمہ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# خ

"خ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| خ | ف | پ |
| ت | ج | خ |
| ج | خ | چ |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# چار دوست

ج، چ، ح اور خ چاروں دوست تھے۔

اُنھیں کہیں سے انڈے ملے۔ ج نے ایک انڈا کھالیا۔

ج

چ نے فوراً تین انڈے کھالیے اور اُس کے پیٹ میں درد ہوگیا۔

چ

ح بہت اُداس تھا کیوں کہ اُسے ایک بھی انڈا نہ ملا۔

ح

خ کو بھی ایک انڈا مِلا اُس نے وہ سَر پر رکھ لیا۔

خ

**ہدایات:**

بچّوں کو یہ کہانی دِل چسپ انداز میں سنائیں۔



CamScanner

# دُہرائی

چ



ج



خ



ح



حرف کو تصویر سے ملائیں۔

# خرگوش اور کچھوا



کچھوے اور خرگوش میں مقابلہ طے پایا۔

خرگوش تیز دوڑ کر منزل کی طرف بڑھا۔


کچھوا آہستہ آہستہ منزل کی طرف رواں دواں ہُوا۔

وہ ابھی اپنا سفر طے کرتے ہوئے جا رہا تھا کہ راستے میں دریا آ گیا۔



خرگوش پہلے ہی کھڑا سوچ رہا تھا کہ دریا کیسے پار کیا جائے؟

کچھوا مسکرایا اور خرگوش کو اپنی کمر پر سوار ہونے کا مشورہ دیا۔
دونوں نے مِل کر دریا پار کیا اور منزِل پر پہنچ کر فتح کا جشن منایا۔




ہدایات:

خرگوش اور کچھوے کی کہانی سُنا کر رول پلے کروائیں۔ بچّوں میں مِل جُل کر کھیلنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلے کروائیں۔
بچّوں کو مختلف گروہی سرگرمیوں کے ذریعے مِل جُل کر کھیلنے پر آمادہ کریں۔ مثلاً رنگ بھرنے کا مقابلہ، گنتی، حروفِ تہجّی پڑھنے کا مقابلہ وغیرہ۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے

# واحد جمع



انڈا



انڈے




ستارا



ستارے



غبارہ



غبارے

بچوں میں ایک اور ایک سے زیادہ چیزوں کا تصور جماعت میں موجود مختلف اشیا کو ملا کر دیں ۔ مثلاً: پنسل، پنسلیں، کُرسی، کُرسیاں۔

# د

دانیہ تھی بچی بڑی سمجھ دار
اُس کو تھا اپنے دادا دادی سے پیار
سفر کر کے آئے تھے وہ
چڑھ گیا اُن کو تیز بخار
دادا دادی جب ہوئے بیمار
وہ بنی اُن کی خدمت گار

(حمیرالطیف، شافیہ رفیق، عروج ثاقب)

دادا



دادی



دانیہ



**سوچ کر بتائیں**
دوا کے ساتھ ساتھ دعا کیوں کرنی چاہیے؟


**ہدایات:**
- بچوں کو بزرگوں کا خیال رکھنے کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کر کے ننھیال اور ددھیال کے رشتے داروں کے بارے میں بتائیں۔ اور دل چسپ انداز سے رول پلے کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: دال، دام، دلیہ، دُم، دُنبہ، درخت

# د


درخت




دروازہ



دوات




دانت



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



CamScanner




" د " پر دائرہ لگائیں۔

د ف ڈ

ت ڈ ز

د خ د




پنسل پھیریں اور لکھیں۔



CamScanner

# ڈ

ڈاکیا ڈاک لاتا ہے
سب کی خبر سناتا ہے




ڈوڈو گھر کے صحن میں کھیل رہا تھا کہ اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ ڈوڈو یک دم دروازے کی طرف بھاگا تو امّی نے اُسے روکا اور سمجھایا کہ بڑوں کی اجازت کے بغیر دروازہ نہیں کھولنا چاہیے۔ پھر ڈوڈو نے کھڑکی سے جھانکا تو باہر ڈاکیا ڈبا لیے کھڑا تھا۔ ڈوڈو نے امّی سے اجازت لی، دروازہ کھولا اور ڈاکیے سے ڈبا لے لیا۔

سوچ کر بتائیں
ڈاکیا کیا کام کرتا ہے؟

**ہدایات:**


- بچّوں کو بغیر اجازت اور بغیر پوچھے، دروازہ کھولنے کے نقصانات احتیاطی تدابیر کے ساتھ بتائیں۔
- بچّوں کو رابطے کے مختلف ذریعوں کے بارے میں بتائیں۔ مثلاً: خط، ٹیلی فون، ای میل وغیرہ۔

ذخیرہ الفاظ: ڈبّا، ڈاکیا، ڈانٹ، ڈر، ڈالی



CS CamScanner


# ڈ



ڈول




ڈالی



ڈاکیا




ڈبّا



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ڈ



" ڈ " پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ڈ | ف | ڈ |
| ت | ڈ | ز |
| د | خ | د |


پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ذ

ذخیرہ اناج رکھیں گے
سال بھر چکھیں گے

ذخیرہ اناج کا رکھ دو
سال بھر پھر چکھ لو

## ذخیرہ



گندم، چاول، باجرہ اور جَو
گودام میں بوریاں رکھ دو

(حمیرالطیف، عروج ثاقب، ثانیہ رفیق)

**ہدایات:**

اساتذہ بچّوں سے کمرہ جماعت میں مختلف اشیاء جمع کرواکے ذخیرہ کا تصور دیں۔
بچّوں سے مختلف کھانے کی چیزوں کا ذائقہ معلوم کرنے کی سرگرمی کروائیں۔ مثلاً کھٹی، میٹھی، کڑوی، نمکین


ذخیرہ الفاظ: ذخیرہ، ذہین

**سوچ کر بتائیں**

اناج ذخیرہ کیوں کرتے ہیں؟

# ذ

ذخیرہ



ذخیرہ بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔




CamScanner

# ذ

"ذ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ذ | ف | ڈ |
| ذ | ڈ | ز |
| د | خ | ذ |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# شرارتی بندر

آج جنگل میں چہل پہل تھی بادشاہ کا دربار لگا تھا۔
ہر جانور بادشاہ کے سامنے اپنا مسئلہ بیان کر رہا تھا۔

اتنے میں ہرن بھاگتا ہوا آیا اور سب کو بتایا کہ
شرارتی بندر درخت سے گر گیا ہے اور اس کو چوٹ لگی ہے۔



یہ سن کر ڈاکٹر بھالو دوڑتا ہوا اپنی دوائیوں کا ڈبا لایا اور بندر کو مرہم لگائی۔
سب جانوروں نے اس کی دیکھ بھال کی اور وہ جلد صحت یاب ہو گیا۔

جنگل میں پھر جشن کا سماں ہوا اور جانوروں نے خوشی سے گیت گائے۔





| | |
|---|---|
| چوں چوں چوں | ٹیں ٹیں ٹیں |
| قیں قیں قیں | کائیں کائیں کائیں |
| نیئں نیئں نیئں | |



**ہدایات:**
بچوں کو کہانی کی مدد سے سوال پوچھتے ہوئے آپس میں مل جل کر رہنے اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے کے فائدے بتائیں

# ر

ریل پٹڑی پر چلتی جائے
چھک چھک کی آواز آئے

## مکالمہ

امی نے خوشی خوشی سب کو خبر سنائی کہ وہ خالہ کے بیٹے کی شادی پر رحیم یار خان جا رہے ہیں۔





امی: رانیہ! ہم نے سفر پر جانے کی تیاری کرنی ہے؟

رانیہ: امی! ہمیں کب جانا ہے۔

امی: رانیہ! ہمیں دو دن بعد روانہ ہونا ہے۔

پھر امی نے رانیہ کو ضروری سامان کی فہرست دی۔


امی: رانیہ! فہرست میں لکھی تمام چیزیں احتیاط سے رکھ لینا ورنہ سفر میں اور وہاں پہنچ کر دقت ہوگی۔

رانیہ: جی امی میں نے تمام ضروری چیزیں رکھنے کے بعد فہرست سے تصدیق کر لی ہے۔

امی: شاباش! بیٹی

دو دن کے بعد تمام لوگ وقت پر اسٹیشن روانہ ہوئے اور ریل پر سوار ہو گئے۔

ریل گاڑی





سوچ کر بتائیں
سفری سامان کی فہرست کیوں ضروری ہے؟


هدایات:

- بچوں کو زمینی، فضائی اور بحری ذرائع آمد و رفت کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو سفر پر جانے کی تیاری کا رول پلے کروائیں۔
- بچوں سے مختلف چیزوں کی فہرست بنانے کی سرگرمی کروائیں۔
- رانیہ، رسّی، روشنی، راستہ، روٹی، ربڑ


# ر




ریچھ



رکشا



روٹی



رومال

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ر

"ر" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ث | ب | ر |
| ر | ت | پ |
| ت | ر | ق |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ڑ

پہاڑ کتنا بڑا ہے
پتھروں سے یہ بنا ہے
اللہ کی قدرت کا ہے شاہکار
اس کے نظاروں سے ہے سب کو پیار

## پہاڑ



**ہدایات:**


- بچوں کو پاکستان کے مشہور پہاڑوں کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ (K-2) دنیا کا دوسرا بڑا پہاڑ ہے۔ بچوں کو پہاڑی جانوروں اور پرندوں کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں سے کھیل کے میدان میں مٹی کے پہاڑ بنوائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: پہاڑ، پکوڑا، کلہاڑی، آڑو

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**
ماؤنٹ ایورسٹ دنیا کا سب سے بڑا پہاڑ ہے۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال
2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے

# ڑ

پہاڑ



آڑو



پہاڑ بنائیں

ڑ ڑ ڑ
ڑ ڑ ڑ
ڑ ڑ ڑ
ڑ ڑ ڑ
ڑ ڑ ڑ

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



CamScanner

# ڑ





" ڑ " پر دائرہ لگائیں۔


| | | |
|---|---|---|
| ڑ | ج | ڑ |
| ت | ڈ | ز |
| ر | ڑ | چ |

ڑ ڑ ڑ ڑ

ڑ ڑ ڑ ڑ

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ز



زیبرا



زنجیر

زہرہ کی گڑیا پیاری پیاری
نیلی نیلی آنکھوں والی

رنگ ہے اُس کا گورا گورا
ہیں سنہرے اُس کے بال

گود میں آئے چپ ہو جائے
آنکھیں بند کر کے سو جائے

(حمیرا لطیف، عروج ثاقب، ثانیہ رفیق)

**ہدایات:**

- بچّوں کو جسم کے مختلف حصّوں کے نام بتائیں۔ ان کے پسندیدہ کھلونوں کے بارے میں پوچھیں۔
- بچّوں سے گڑیا کی شادی کا رول پلے کروا کر روایتی تقریبات کا تصوّر دیں۔
- ذخیرہ الفاظ: زمین، زیور، زنجیر، زیبرا


**سوچ کر بتائیں**

آپ کا پسندیدہ کھلونا کون سا ہے؟

# ز



زمین



زنجیر



زیور



زیبرا

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ز





"ز" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ز | ج | ڑ |
| ز | ڈ | ز |
| ر | ز | چ |




پنسل پھیریں اور لکھیں۔

ژ

ژالہ باری دیکھو آئی
سردی کا ہے موسم لائی

# ژالہ باری



ہدایات:

- بچّوں کو ژالہ باری کے بارے میں ایک کہانی سنائی جائے۔
- رُوئی کی مدد سے ژالہ باری کی کہانی کی عکاسی کریں۔
- سفید کاغذ کے ٹکڑوں سے ژالہ باری کا منظر بنوائیں۔

سوچ کر بتائیں
کیا آپ نے ژالہ باری کا منظر دیکھا ہے؟

# ژ

ژالہ باری




ژالہ باری کی تصویر بنائیں۔

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ژ

حرف "ژ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ژ | ج | ڑ |
| ز | ڈ | ژ |
| ر | ژ | چ |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# دُہرائی

ژ


ڑ

ذ

د

ز

ر











حرف کو تصویر سے ملائیں۔


# س سہ
# سورج مکھی کی کہانی

میں ایک چھوٹا سا سورج مکھی کا بیج ہوں۔

ایک دن کسان مجھے دکان دار سے خرید کر اپنے گاؤں لے گیا۔

میں اُداس ہو گیا۔ اپنے دوستوں سے بچھڑنے کا دکھ تھا۔ اور نئی جگہ جانے کا خوف بھی تھا۔






نے ساتھ کھیت میں لے گیا۔ اُس نے مجھے میرے بہت سے نئے دوستوں کے ساتھ مٹی میں بو دیا۔

اُس نے کھیت میں پانی ڈالنا شروع کر دیا۔

پنسل پھیریں اور لکھیں۔




ٹھنڈے پانی نے مجھے سکون دیا اور میں نے سانس لیا۔
پھر کچھ دن بعد میرے اندر سے میرے ہاتھ پاؤں نکلنے لگے۔ میں بہت خوش تھا۔

اب میرے زمین سے باہر نکلنے کے دن تھے۔
میرے ہاتھ پتّوں کی صُورت میں زمین سے باہَر نکلے اور میرے پاؤں زمین میں جڑوں کی طرح اندر بڑھنے لگے۔



پھر کچھ دنوں میں، میں بڑا ہو کر ایک پودا بن گیا۔ میرا چہرا سُورج مکھی کا پھول بن کر مسکرانے لگا۔
کسان یہ دیکھ کر خوشی سے نہال ہو گیا۔ اُسے اپنی محنت کا اور مجھے میرے صبر کا پھل مل گیا۔



ہدایات:

بچّوں کو سُورج مُکھی کا پھُول جماعت میں لا کر دکھایا جا سکتا ہے۔ بیج سے پودا بننے کے ضروری عوامل اور دیکھ بھال کے بارے میں بتائیں۔

بچّوں کے ساتھ دھنیا، سفید چنا، لال لوبیا کے بیج کو گلاس میں اگانے کی سرگرمی کروائیں۔ بچّوں کو روز مشاہدہ کروا کر بیج میں ہونے والی تبدیلیوں سے لے کر پودا نکلنے تک کے عمل کو ایک تصویری کتابچے میں بنوائیں۔

ذخیرہ الفاظ: سیب، سمندر، سائنس دان، ساحل، ستارے، ساگ، سانپ




CamScanner


# س

| | | |
|---|---|---|
| س | س | س |
| س | س | س |
| س | س | س |
| س | س | س |
| س | س | س |

ستارے




سیب



سپاہی



سانپ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# س



حرف "س" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| س | ج | ض |
| س | ش | ص |
| ر | س | چ |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ش شہ

شہد کا بول بالا ہے
اس میں شفا اعلیٰ ہے




ایک جنگل میں شُتر مُرغ اور شہد کی مکھی کی نئی نئی دوستی ہوئی۔ ایک دن شُتر مُرغ نے دیکھا کہ شہد کی مکھی کسی کام سے باہر جا رہی ہے تو شُتر مُرغ نے موقع پا کر چھتے میں سے شہد نکال کر کھانا شروع کر دیا۔ شہد کی مکھی واپس آئی تو اُس نے دیکھا کہ شُتر مُرغ شہد کھا رہا ہے۔ مکھی نے ناراضی کا اظہار کیا کیونکہ شُتر مُرغ نے مکھی سے اجازت نہیں لی تھی۔ مکھی کی ناراضگی دیکھ کر شُتر مُرغ نے معافی مانگی اور وعدہ کیا کہ آئندہ وہ بغیر اجازت کسی کی کوئی بھی چیز استعمال نہیں کرے گا۔

**ہدایات:**

- بچّوں کو دوستی کے فوائد اور اُصول بتائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ بغیر اجازت کسی کی چیز کو استعمال نہیں کرتے۔
- بچّوں کو آدابِ گفت گو کی مشق روزانہ صُبح کی ملاقات میں خصوصاً کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: شوق، شک، شجر، شمع، شیر، شُعلہ

**سوچ کر بتائیں**

شہد کی مکھی کیوں ناراض ہوئی؟

# ش

ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش
ش ش ش

شاہین




شمع



شلجم



شمشیر



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ش



"ش" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ش | ج | ڑ |
| ش | ش | س |
| س | ز | ش |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلیے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے

# ص ـصـ

صفائی کا رکھوں میں ہمیشہ دھیان
کیوں کہ ہے یہ نِصف ایمان




**ہدایات:**


- بچّوں سے صفائی کے بارے میں سوالات کریں مثلاً: صفائی کیوں ضروری ہے؟ ہم صاف رہنے کے لیے کیا کیا کر سکتے ہیں؟ کُوڑا کرکٹ کہاں پھینکنا چاہیے؟
- اسکول میں ہفتہ وار صفائی کا اہتمام کریں اور بچّوں کو صابن سے ہاتھ دھونے کے بنیادی مراحل کی سرگرمی کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: صابن، صُراحی، صاف، صندوق

**سوچ کر بتائیں**

صاف ستھرا رہنا کیوں ضروری ہے؟

# ص

صوفہ



صندوق



صابن




صراحی



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ص






"ص" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ص | ج | ص |
| ش | ص | س |
| ض | ز | ڑ |


پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ض ضہ

ضعیف کو ہم پانی پلائیں
ڈھیروں اُس کی لیں دُعائیں




**ہدایات:**

رول پلے کروا کر بزرگوں کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں اُن کی مدد کی ترتیب دیں۔
مثلاً: اُن کو پانی پلانا، اُن کی چیزیں اٹھا کر دینا، اُن کے لیے بیٹھنے کی جگہ خالی کرنا۔
بچّوں کو سرگرمی کے ذریعے بتائیں کہ پانی کو ضائع ہونے سے کیسے روکا جا سکتا ہے؟

والدین کو بچّوں کی ڈائری کے ذریعے سے ترغیب دیں کہ اگر اُن کے گھر میں بزرگ ہیں تو بچّوں کو اُن کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں مدد کرنی چاہیے۔

ذخیرہ الفاظ: ضائع ، ضعیف ، ضِد


کیا آپ کو معلوم ہے؟
دن میں آٹھ گلاس پانی پینا چاہیے۔

# ض

ضعیف



ضائع



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ض



حرف "ض" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ض | ج | ص |
| ش | ض | س |
| ض | ز | ڑ |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ط

طبیب دوا دیتا ہے

اللہ شفا دیتا ہے




**ہدایات:**

- بچّوں کو دوا کے ساتھ ساتھ دُعا کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔ بچوں کو وقت پر دوائی پینے کی ترغیب دیں۔
- بچّوں کو گروہوں میں تقسیم کر کے مختلف پیشوں ڈاکٹر، سائنس دان، نرس کا رول پلے کروائیں۔
  بچّوں سے پیپر پلیٹ کے ماسک بنوائیں۔
- والدین کی مدد سے کمیونٹی کا کوئی پراجیکٹ ترتیب دیں مثلاً: اسپتال میں بچّوں کے وارڈ میں دعائیہ کارڈ تقسیم کرنا۔
- ذخیرہ الفاظ: طبلہ، طوطا، طاق


**سوچ کر بتائیں**

ہم بیماری سے کیسے بچ سکتے ہیں

# ط

ط ط ط
ط ط ط
ط ط ط
ط ط ط
ط ط ط

طوطا



طبلہ



طالب علم



طاق



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ط

"ط" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ظ | ج | ط |
| س | ط | ش |
| ط | ظ | ض |







پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ظ

کُمھار ظروف بناتا ہے
ٹوکری میں رکھ کر لاتا ہے

## ظروف





**ہدایات:**

- بچّوں سے مختلف پیشوں کُمھار، ترکھان، موچی، لوہار کے بارے میں بات کریں۔
- بچّوں کو مٹی کے برتنوں پر نقش و نگاری کی ویڈیو دکھائی جا سکتی ہے۔
- بچّوں سے چکنی مٹی کے ذریعے مٹی / پلے ڈو کے چھوٹے چھوٹے برتن بنوائیں اور رنگ کروائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: ظروف

**سوچ کر بتائیں**

مٹّی کے برتن میں کھانا پکانے کے کیا فوائد ہیں؟

# ظ

| | | |
|---|---|---|
| ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ |
| ظ | ظ | ظ |

ظروف



ظروف بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ظ





"ظ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ظ | ج | ظ |
| ش | ط | س |
| ض | ظ | ط |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# دُہرائی

س ش ص







ض ط ظ








حرف کو تصویر سے ملائیں۔

# میرا خاندان





"میرا خاندان" کے ذریعے اساتذہ مذکر / مونث کا تصور دیں۔

# ع ء

## بُوجھو تو جانیں!

میں آنکھوں کو چھپاؤں
ناک پہ رکھی جاؤں
مجھے پہن کر دِکھے صاف
کون ہوں میں بتاؤ آپ

(عروج ثاقب، حمیرا لطیف، شافیہ رفیق)



**ہدایات:**

بچوں کو پہیلی دل چسپ طریقے سے پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آنکھوں کی حفاظت کیوں ضروری ہے۔
بچوں کو بتائیں کہ ٹیلی وژن، موبائل فون، ٹیبلٹ اور کمپیوٹر بہت قریب سے اور زیادہ دیکھنے سے نظر خراب ہوسکتی ہے۔

بچوں کو پاکستان کی تاریخی عمارتوں کی تصاویر دکھائی جاسکتی ہیں۔
مثلاً: مینارِ پاکستان، بادشاہی مسجد وغیرہ۔


ذخیرہ الفاظ: عدالت، عطر، عربی، عدل

**سوچ کر بتائیں**
عینک کیوں پہنی جاتی ہے؟




CamScanner

# ع



عینک



عطر



عوام



عالِم



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے

# ع



"ع" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ع | غ | ظ |
| ق | ط | ع |
| ع | ظ | ط |

ع ع ع ع


ع ع ع ع

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# غ غ

غُسل کرو روزانہ
بیماری کرو روانہ





غُسل کرو روزانہ
بیماری کرو روانہ





ہاتھ دھو کے کھانا کھاؤ
نِوالہ بار بار چباؤ

دانتوں کو تم رکھو صاف
جراثیم سے وہ رہیں گے پاک





ناخنوں کی تم کرو کٹائی
سُنّت ہے صِحّت و صفائی

(شافیہ رفیق، عروج ثاقب، حمیرا لطیف)

**ہدایات:**

- بچّوں کو نظم کے ذریعے ذاتی صفائی کے بارے میں بتائیں۔
- بچّوں کو غسل کرنے، بیت الخلا صاف رکھنے، ناخن کاٹنے اور بال کنگھی کرنے کے طریقے بتائیں۔ کمرہ جماعت میں ذاتی صفائی کا چارٹ آویزاں کریں۔
- بچّوں کو دانت صاف کرنے کے تمام مراحل کا مظاہرہ کرائیں۔ بچّوں کو کمرہ جماعت صاف رکھنے کی ذمّے داریاں سونپیں۔
- ذخیرہ الفاظ: غبارہ، غلیل، غار، غلاف



**سوچ کر بتائیں**

ذاتی صفائی کیوں ضروری ہے؟


# غ

| | | |
|---|---|---|
| غ | غ | غ |
| غ | غ | غ |
| غ | غ | غ |
| غ | غ | غ |
| غ | غ | غ |

غَلَط




غوطہ



غار



غُلیل





پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# غ



"غ" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| غ | غ | ظ |
| غ | ط | ع |
| ع | ظ | غ |


پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ف ف

فوجی ہمارے کریں نگرانی
اللہ کرے سب پہ مہربانی



فاختہ





فوجی



فوارہ

**ہدایات:**

- بچّوں کو وطن کی حفاظت کا تصوّر دیں۔ بچّوں کو فوج اور فوجی کی مختلف ذمّے داریاں بتائیں۔
- برّی، بحری اور فضائی فوج کے بارے میں بتائیں۔ ہمارے پیارے پاکستان کو حاصل کرنے میں ہمارے بزرگوں نے جو قربانیاں دیں اُن کو آسان الفاظ میں بیان کریں۔
- اسکول میں بچّوں کے ساتھ قومی اور دفاعی دنوں کو جوش و خروش سے منائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: فوجی، فٹ بال، فوارہ

**سوچ کر بتائیں**

ہماری سرحدوں کی حفاظت کون کرتا ہے؟

# ف

| | | |
|---|---|---|
| ف | ف | ف |
| ف | ف | ف |
| ف | ف | ف |
| ف | ف | ف |
| ف | ف | ف |

فاختہ



فالودہ



فوجی



فوارہ





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ف





"ف" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ف | غ | ظ |
| ط | ف | ع |
| ع | ے | ف |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

ق

ق

## ہمارے قائد کا فرمان
## ایمان، اِتّحاد اور تنظیم



### قائدِاعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ
### بانیِ پاکستان

پیارے بچّو! پاکستان ہمارے عظیم رہ نُما قائدِاعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے بنایا۔ آپ کراچی میں پیدا ہوئے۔

قائدِاعظم بہت قابل انسان تھے اُنھوں نے تمام مسلمانوں کو ایمان، اِتّحاد اور تنظیم کا سبق دیا۔

سوچ کر بتائیں
آپ اپنے ملک کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

ہدایات:

- بچّوں کو کرنسی نوٹ پر قائدِاعظم کی تصویر دکھا کر بات کریں کہ قائدِاعظم ایک عظیم رہ نُما تھے۔
- بچّوں میں روزمرّہ کے کاموں میں مختلف ذِمّے داریاں بانٹیں یعنی چھٹی کے وقت بتّی اور پنکھا بند کرنا، کمرہ جماعت کی اشیا اپنی اپنی جگہ پر رکھنا، کتابیں تقسیم کرنا وغیرہ۔
- ذخیرہ الفاظ: قینچی، قلم، قمیص، قوسِ قزح

# ق

ق ق ق


ق ق ق

ق ق ق


ق ق ق

ق ق ق

قینچی



قلم



قوسِ قزح



قصاب



 پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ق






"ق" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ق | غ | ظ |
| ق | ے | ع |
| ع | ق | ف |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔


# ک کتاب کی کہانی کتاب کی زبانی



میں ایک کتاب ہوں۔ میں اسکول کی لائبریری میں رہتی ہوں۔
ایک دن ایک بچّہ مجھے لائبریرین سے پوچھ کر اپنے گھر لے گیا۔







**سوچ کر بتائیں**

آپ اپنے ملک کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

پہلے تو بڑے شوق سے میری تصویریں دیکھیں پھر مجھے زمین پر پھینک دیا۔
مجھے بڑا درد ہوا اور میرے صفحے بھی پھٹ گئے۔

کچھ دن بعد اُس نے مجھے لائبریرین کو واپس کر دیا۔ لائبریرین نے اسے سمجھایا کہ اُسے کتاب کا خیال رکھنا چاہیے۔

پھر ایک بچّہ دوبارہ مجھے لائبریری سے لے گیا۔ پہلے اُس نے میرے پھٹے ہوئے صفحے جوڑے ، پھر بہت پیار سے میری تصویریں دیکھنے لگا۔

وہ روزانہ مجھے پیار سے کھولتا، صفحے پلٹتا اور پڑھتا ، پھر مجھے سنبھال کر رکھ دیتا۔ میں بہت خوش تھی۔





مجھے وہ بچّہ بہت یاد آتا ہے۔

**ہدایات:**


- بچّوں میں کتابوں سے پیار کا جذبہ پیدا کریں مثلاً اُن کو پڑھنا اور صحیح طریقے سے استعمال کرنا سکھائیں۔
- بچّوں کو لائبریری کے تصوّر اور اصول و ضوابط کے بارے میں بتائیں۔
- کمرہ جماعت میں لائبریری کا گوشہ بنائیں جس میں نئی پرانی کتابیں رکھیں اور بچّوں کو مختلف اوقات میں کتابیں پڑھنے کا موقع دیں۔
- بچّوں کو بطورِ بحیثیت مشغلہ کتاب پڑھنے کی ترغیب دیں۔
- ذخیرہ الفاظ: کیڑا، کچرا، کتاب، کنگھی، کمرا، کڑاہی

# ک

کشتی




کبوتر



کچرا



کنگھی



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



CS CamScanner

# ک





"ک" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ک | غ | ط |
| ک | ۓ | ع |
| ع | ک | ک |




پنسل پھیریں اور لکھیں۔

گ گ

# گائے اور کسان

ایک گاؤں میں ایک کسان رہتا تھا۔ اس کے پاس ایک گائے تھی۔
گائے روزانہ دودھ دیتی تھی، جس کو بیچ کر وہ گزارہ کرتا تھا۔




ایک دن اُس کے بیٹے نے سائیکل خریدنے کی ضد کی۔ کسان نے اُس کو سمجھایا کہ وہ بہت مہنگی ہے۔
کسان نے سوچا کہ وہ گائے بیچ دے تاکہ اپنے بیٹے کو سائیکل دلا سکے۔

**سوچ کر بتائیں**

دودھ کے کیا فوائد ہیں؟


اُس نے اپنی بیوی سے مشورہ کیا تو بیوی نے سمجھایا کہ گائے ہمیں دودھ دیتی ہے اور ہم اُس کو بیچ کر کھانا خریدتے ہیں۔




**ہدایات:**

- بچّوں کو بتائیں کہ زندگی گزارنے کے لیے ضروری چیزیں کون سی ہیں اور کون سی چیزیں خواہش کے ضمن میں آتی ہیں مثلاً: جوتے یا گُڑیا، کھانا یا چاکلیٹ۔
  بچّوں کو بتائیں کہ ضد کرنا بُری بات ہے۔
- بچّوں سے ضرورت کی چیزوں اور خواہشات کی تصویری فہرست بنوائیں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے



گاجر



گلاب



گیند



گملا



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# گ



"گ" پر دائرہ لگائیں۔

گ غ ظ

ق گ ع

ع ق گ






پنسل پھیریں اور لکھیں۔

شلوار قمیض ہمارا قومی لباس

پہن کے اس کو میں بن جاؤں خاص



### ہدایات:

- بچوں کو لباس کی اہمیت، خُصوصیت اور ضرورت کا تصوُّر دیں مثلاً: گرم، سرد لباس، صوبائی لِباس، قومی لباس وغیرہ۔
بچوں کو قومی لباس کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک کے لِباس کا تصوّر بھی دیں تا کہ بچوں کے اندر عالمی برادری کے بارے میں معلومات کا اضافہ ہو۔
- بچے جماعت میں روایتی لِباس پہن کر آئیں۔ بچوں کو تسمے باندھنا اور جرابیں پہننا سکھایا جائے۔

**سوچ کر بتائیں**


صاف ستھرا لباس کیوں پہننا چاہیے؟

# ل

لوٹا




لومڑی



لباس



لڈّو



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ل

"ل" پر دائرہ لگائیں۔

ل غ ط

ق گ ل

ع ل ع







پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# دُہرائی

حرف کو تصویر سے ملائیں

ع

غ

ف

ق

ک

گ


ل















# م ۷

رنگ برنگے پَر پھیلاؤں
دو پاؤں پہ ناچوں گاؤں
دُم ہے میری پرندے جیسی
پر میں اُڑ نہ پاؤں




**ہدایات:**

- بچّوں کے ساتھ پہیلی کے انداز میں نظم پڑھیں۔ بچّوں کو پہیلی بوجھنے کے بارے میں بتائیں۔
- والدین کو ڈائری کے ذریعے پیغام بھیجیں کہ وہ اپنے بچّوں کو چڑیا گھر کی سیر کروائیں یا جانوروں کی تصویریں دکھائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: مور، میز، مسجد، ماموں، مقابلہ، مُرغ، موم بتی، مقام

**سوچ کر بتائیں**


مور کے علاوہ اور کون سے پرندے اُڑتے نہیں۔

# م


موم بتی




میز



مچھلی



مسجد



| | | |
|---|---|---|
| م | م | م |
| م | م | م |
| م | م | م |
| م | م | م |
| م | م | م |

 پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# م









"م" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| م | غ | ظ |
| ک | ئے | م |
| م | ف | ک |


پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ں ن

| | | | |
|---|---|---|---|
| ناریل | کو | توڑ | کے کھاؤ |
| پانی | اُس | کا | پی جاؤ |



## ناریل

سخت سخت ہے میری چھال
چھال کے اُوپر میرے بال

اندر بیٹھے سفید رانی
پیٹ کے اندر میرے پانی

درخت پہ بیٹھا میں تیّار
ذائقہ میرا بڑا مزے دار

(عروج ثاقب، حمیرالطیف، ثانیہ رفیق)

**ہدایات:**


- اساتذہ ناریل کے بارے میں بات چیت کریں اور بچّوں کو پہیلی کے بارے میں بتائیں۔
- بچّوں کو ناریل کے ذریعے نرم اور سخت کا تصوُّر دیں۔
- استاد بچّوں کے ساتھ ناریل کا ماڈل کم خرچ اور بغیر خرچ اشیا سے بنائیں۔
- ذخیرہ الفاظ: ناریل، نان، ناشپاتی، نلکا، ناک

**سوچ کر بتائیں**


ناریل کھانے کے کیا فائدے ہیں؟

# ن

ناریل




نلکا



ناشپاتی



نان



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ن

"ن" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ن | غ | ظ |
| ک | ے | ع |
| ن | ک | ن |





پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# و

ورزش کرو روزانہ
ہوجاؤ تن دُرست و توانا







**ہدایات:**

- بچّوں کو صحت اور تن دُرستی کے فائدے بتائیں۔
- روزانہ صبح کی ملاقات میں بچّوں کو ہلکی پھلکی ورزش کرواکر جماعت میں دِل چسپی پیدا کریں۔
- بچّوں کو مختلف کھیلوں مثلاً: والی بال وغیرہ کے بارے میں بتائیں۔ بچّوں کو ورزش کے مختلف طریقے سکھائیں۔ بچّوں کو لکیر پر چلنے کی سرگرمی کرواکر ان کو چلتے ہوئے توازن برقرار رکھنا سکھائیں۔
- بچّوں کو سیڑیاں چڑھنے اور اترنے کا طریقہ سکھائیں۔

**سوچ کر بتائیں**

آپ کیسے ورزش کرتے ہیں۔

# و

وردی



وضو



ورزش



ورق



| | | |
|---|---|---|
| و | و | و |
| و | و | و |
| و | و | و |
| و | و | و |
| و | و | و |

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# و



"و" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| و | ے | ظ |
| ک | ن | ع |
| و | ک | و |




پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ہ ہ
## نظم

ہاتھی آیا ہاتھی آیا
سُونڈ میں بھر کے پانی لایا
کان ہیں اس کے بڑے بڑے
دانت ہیں لمبے کھڑے کھڑے
ناک ہے اس کی لمبی لمبی
آنکھیں اس کی چھوٹی چھوٹی
ہاتھی تو بس ہاتھی ہے
بچوں کا وہ ساتھی ہے

(عروج ثاقب، حمیرا لطیف، شافیہ رفیق)




**سوچ کر بتائیں**


ہاتھی کی سُونڈ کس کام آتی ہے؟

**ہدایات:**


- بچّوں کو جانوروں اور ان کے بچّوں کی تصویریں دکھائیں۔ بچّوں کو ہاتھی اور اُس کے بچّے کی کہانی تصویر کی مدد سے سنائیں۔
- بچّوں کو پیپر پلیٹ سے ہاتھی کا ماسک بنا کر پہنائیں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے






ہاتھی



ہِرن



ہاتھ



ہاتھی کی تصویر بنائیں



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ہ

"ہ" پردائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ہ | غ | ء |
| ہ | ے | م |
| ک | ہ | ء |







پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ع

سنو بچو! پتے کی بات
یہ ہیں کھانے کے آداب

ہاتھ دھو خوب رگڑ ، کر
کھانا کھاؤ بسم اللہ پڑھ کر

کھانا سیدھے ہاتھ سے کھانا
نوالے کو تم خوب چبانا

کرو اللہ کا شکر ادا
جس نے کیا کھانا عطا

(شافیہ رفیق، حمیرا لطیف، عروج ثاقب)









## چائے


**ہدایات:**

بچوں کو کھانا کھانے کے آداب بتایئے مثلاً: کھانا چبا چبا کر کھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دستر خوان اور میز پر کھانا کھانے کے کیا آداب ہیں؟ مثلاً دستر خوان پر پاؤں نہیں رکھتے، اپنے سامنے سے کھانا کھاتے ہیں۔ بچوں کو کھانا شروع کرنے اور ختم کرنے کے بعد کی دعائیں بتائیں۔



چائے






چائے میں شامل اجزا کی تصویریں بنائیں۔

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔



"ع" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ع | غ | ظ |
| ہ | ک | ع |
| ع | ہ | ک |




پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ی  یوم ِ آزادی

یومِ آزادی آیا ہے
خُوشیاں ساتھ لایا ہے

مِل کر جُھومیں، گائیں گے
جشن ہم منائیں گے




**ہدایات:**

- بچّوں کو آسان الفاظ میں حُبّ الوطنی اور آزادی کا تصوّر سمجھائیں۔
- بچّوں کے ساتھ مِل کر اسکول میں یوم آزادی ۱۴؍ اگست کی تقریب منعقد کریں۔
- بچّوں کو پاکستان کی اہم شخصیات مقامات اور قومی ہیروز وغیرہ کی تصویریں یا ویڈیو دکھائیں۔

# ی

یکّہ




پاکستان کا جھنڈا بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ی

''ی'' پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ی | غ | ظ |
| ہ | ک | ء |
| ء | ی | ی |



پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# ـے ے

ستارے




**ہدایات:**

- بچّوں کو دن اور رات کا تصوّر سورج اور چاند ستاروں کی مدد سے بتائیں۔
- بچّوں کو بتائیں کہ "ے" سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا یہ لفظ کی آخری آواز ہے۔
- حرف "ے" پر ختم ہونے والے الفاظ کی صحیح ادائی کر کے حرف "ے" کی صوتی پہچان کروائیں
مثلاً: ستارے، پودے، باجے
- بچّوں کو گلوب اور ٹارچ کی مدد سے دن اور رات کے آنے جانے اور زمین کی سُورج کے گرد حرکت کا تصوّر دیں۔


**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

ایک دن میں ۲۴ گھنٹے ہوتے ہیں۔

# ے



ستارے



ستارے بنائیں

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

# ے

"ے" پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ے | غ | ظ |
| ے | ک | ء |
| ء | ے | ی |

پنسل پھیریں اور لکھیں۔

# جائزہ


ں



و



ہ




ع



ے



ی



تصویر کو اُس کے نام کی پہلی یا آخری آواز کے حرف سے ملائیں۔

# پنسل پھیریں

ا آ

ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ھ ی ے


"ا" تا "ے" حُروفِ تہجّی پر پنسل پھیریں اور پڑھیں۔

# بھاری آوازیں


بھ = بھینس




پھ = پھول



تھ = تھالی



ٹھ = ٹھیلا



جھ = جھولا



بچوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔



CamScanner

# بھاری آوازیں

چھ = چھتری




دھ = دھوبی




ڈھ = ڈھول



رھ = سرھانا



ڑھ = ریڑھی




بچّوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔



CamScanner

# بھاری آوازیں


کھ = کھلونے




گھ = گھوڑا



لھ = چولھا



مھ = کُمھار



نھ = ننھا



بچّوں کو بھاری آواز والے حروف کی پہچان کروا کر مشق کروائیں۔

ا آ

ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث ج جھ چ چھ

ح خ د دھ ڈ ڈھ ذ ر رھ ڑ ڑھ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک کھ گ

گھ ل لھ م مھ ن نھ و ہ ء ی ے

ی ہ ن غ ظ ص ز ر ڈھ د گھ چ ٹ ت

بھ ا ے آ س ء ت و پ نھ پھ مھ تھ م

ٹھ لھ ث ل ج جھ گ ط چھ کھ ح ک خ ق


دھ ف ڈ ع ذ رھ ڑ ض ڑھ ش ژ

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلیے مفت تقسیم کی جاری ہے اور ناقابل فروخت ہے

بچوں کو اُردو کے ۵۳ حروفِ تہجّی آوازوں کے ساتھ پڑھائیں اور وقتاً فوقتاً دہرائیں۔

جماعت میں حروفِ تہجّی کے چارٹ آویزاں کریں۔

# مُصوّتوں کی پہچان




بچّوں سے چاروں انگلیوں پر مصوّتے لکھوا کر حروفِ تہجّی کو ساتھ ملا کر آوازیں نکلوائیں۔

بچّوں کو بتائیں کو مصوتوں کے بغیر لفظ نہیں بن سکتا۔

# ارکان سازی

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |
| پ | پا | پو | پی | پے |
| ت | تا | تو | تی | تے |
| ٹ | ٹا | ٹو | ٹی | ٹے |
| ث | ثا | ثو | ثی | ثے |
| ج | جا | جو | جی | جے |
| چ | چا | چو | چی | چے |
| ح | حا | حو | حی | حے |
| خ | خا | خو | خی | خے |
| د | دا | دو | دی | دے |
| ڈ | ڈا | ڈو | ڈی | ڈے |
| ذ | ذا | ذو | ذی | ذے |

بچّوں کو مُصوِّتوں کی پہچان کروا کر تمام حُروف کے ساتھ مِلا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔

# ارکان سازی

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ر | را | رو | ری | رے |
| ڑ | ڑا | ڑو | ڑی | ڑے |
| ژ | ژا | ژو | ژی | ژے |
| س | سا | سو | سی | سے |
| ش | شا | شو | شی | شے |
| ص | صا | صو | صی | صے |
| ض | ضا | ضو | ضی | ضے |
| ط | طا | طو | طی | طے |
| ظ | ظا | ظو | ظی | ظے |
| ع | عا | عو | عی | عے |
| غ | غا | غو | غی | غے |
| ف | فا | فو | فی | فے |

بچّوں کو مُصوِّتوں کی پہچان کروا کر تمام حُروف کے ساتھ مِلا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔




CamScanner

# ارکان سازی

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ق | قا | قو | قی | قے |
| ک | کا | کو | کی | کے |
| گ | گا | گو | گی | گے |
| ل | لا | لو | لی | لے |
| م | ما | مو | می | مے |
| ن | نا | نو | نی | نے |
| و | وا | وو | وی | وے |
| ہ | ہا | ہو | ہی | ہے |
| ء | ئا | ؤ | ئی | ئے |
| ی | یا | یو | یی | یے |
| | | | | |
| | | | | |

بچوں کو مُصوِّتوں کی پہچان کروا کر تمام حُروف کے ساتھ مِلا کر کاغذ پر مشق کروائیں۔

# تخلیقی سرگرمی




بچّوں سے سوالات کے ذریعے دماغی مشق کروائیں مثلاً ان کو سیب، بلی، گھڑی کی تصویر دِکھا کر مشق کروائیں۔ یہ کیا ہے؟ یہ بلی کیسی نظر آ رہی ہے؟ بلّی کیا پیتی ہے؟

# جملے بنائیں

۔ اور ؟ کا استعمال

آ بابا آ

دادی آ

بابا باجا لایا

بانو نان دو

آپ کا نام کیا ہے

میرا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے

آپا پانی پی لو

آپ کی عمر کتنی ہے

میں چار سال کا ہوں

بچوں کو جملہ سازی میں ختمہ اور سوالیہ کے استعمال کی مشق کروائیں۔ مثلاً: میرا نام علی ہے۔ آپ کہاں رہتے ہیں؟

## جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق اور قومی نظرثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں۔ منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ لیٹر نمبر: SO (Acad:) 2-12021/2289-93 مورخہ 4 اکتوبر 2021ء این او سی نمبر 328-31/CB مورخہ 17/12/2021 دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان، کوئٹہ۔ یہ درسی کتاب بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ نے سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس کے لئے طبع کی ہے۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔


- رشوت لینے اور دینے والا دونوں جہنمی ہیں۔
- بدعنوانی ملکی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔
- بدعنوانی سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی روکیں۔
- بدعنوانی اور رشوت ستانی ضمیر کی موت ہے۔
- بدعنوانی اخلاقی دیوالیہ پن کو جنم دیتی ہے۔

قومی احتساب بیورو بلوچستان



## قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد بَاد　کِشورِ حَسِین شاد بَاد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان　اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد بَاد
پاک سَرزمین کا نِظام　قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت　پائندہ تابندہ باد
شاد بَاد منزلِ مُراد
پَرچمِ سِتارہ و ہِلال　رَہبرِ تَرقّی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال　جانِ اِستقبال
سَایۂ خدائے ذُوالجلال



کوڈ نمبر UP K=475/SNC.2020.(2022)

| سال اشاعت | ایڈیشن | تعداد | قیمت |
| --- | --- | --- | --- |
| 2025 | اول | 350,000 | مفت تقسیم |